aglasem.com

FOR KARNATAKA CLASS 12 PREPARATION

Karnataka 2nd PUC Model Question Paper 2027 for Urdu (Paper 3)

EXAM	YEAR	TYPE	SUBJECT
Karnataka Class 12	2027	Sample Paper	Urdu

GOVERNMENT OF KARNATAKA
KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD

6TH CROSS, MALLESHWARAM, BENGALURU – 560 003

2026 -27 II PUC MODEL QUESTION PAPER – 3

SUBJECT: URDU (08) **MAXIMUM MARKS:80**

TIME: 03 HOURS **NUMBER OF QUESTIONS:49**

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔
۳) اس سوالیہ پرچے کے چار حصے الف، ب، ج اور د ہیں اور ان میں سے حصہ "الف" کے سوالوں کے جوابات جو پہلی مرتبہ لکھے گئے ہیں صرف انہی کی جانچ ہوگی۔

حصہ - " الف "

I. (الف) درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ **5X1=5**

1. ٹیپو سلطان کی مذہبی پالیسی کے بارے میں کرک پیٹرک کی رائے کیا تھی؟

A. وہ ایک روشن خیال حکمراں تھے
B. وہ متعصب اور غضبناک متشدد تھے
C. وہ مذہب اور سیاست کو الگ رکھتے تھے
D. وہ ہندوؤں کے دوست تھے

2. لاڈلی نے اپنے حصے کی پوریاں کہاں چھپا رکھی تھیں؟

A. پیسوں کی تھیلی میں
B. بکسے میں
C. کتابوں کے بستے میں
D. گڑیوں کی پٹاری میں

3. منٹو کو بناوٹ سے چڑ تھی، اس کی مثالیں ان کے کس رویے سے ملتی ہیں؟

A. منٹو ہمیشہ اپنے ساتھیوں کی تعریف کرتے تھے۔
B. وہ بناوٹی لوگوں کو فوراً "فراڈ" کہہ دیتے تھے۔
C. وہ لوگوں کے ساتھ ہمیشہ شائستگی سے پیش آتے تھے۔
D. وہ ہر کسی کی رائے کا احترام کرتے تھے۔

4. مصنف نے زیور کی مثال "Dead Money" سے کیوں دی ہے؟

A. کیونکہ زیور اکثر بے کار رکھا جاتا ہے
B. کیونکہ زیور مردہ افراد کو دیا جاتا ہے
C. کیونکہ زیور بہت مہنگا ہوتا ہے
D. کیونکہ زیور کبھی پہنا ہی نہیں جاتا

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

5. کرسی کی طاقت کی وضاحت اس طرح کی گئی ہے؟

A. فقط بیٹھنے کی جگہ
B. عیش و عشرت کا سامان
C. سادہ سی چیز
D. اختیار اور طاقت کی علامت

(ب) قوسین میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر ان کہاوتوں کی خالی جگہوں کو پر کیجیے۔ 5X1=5

(ایک، مچھلی، پھیکا، مگرمچھ، سو، ماشہ)

6. پانی میں رہ کر _____ سے بیر۔
7. سو سنار کی _____ لوہار کی۔
8. گھڑی میں تولہ گھڑی میں _____۔
9. ایک انار _____ بیمار۔
10. اونچی دکان _____ پکوان۔

(ج) "الف" میں دیے گئے ضرب الامثال کو "ب" میں دیے گئے مفہوم سے جوڑیئے۔ 5X1=5

الف	ب
11. اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ	i. کوئی شئے مطلوبہ مقدار سے کم دستیاب ہو
12. ہمتِ مرداں مددِ خدا	ii. دولت اور عزت جاتی رہی مگر غرور میں کمی نہیں آئی
13. اونٹ کے منہ میں زیرہ	iii. کام میں کوشش شرط ہے، اللہ ضرور مدد کرتا ہے
14. زمیں کھا گئی آسماں کیسے کیسے	iv. تحریر کے ہنر میں ترقی کی دعا
15. رسی جل گئی پر بل نہیں گیا	v. زمین نے عظیم شخصیتوں کو نگل لیا ہے

(د) ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔ 5X1=5

16. انٹرنیٹ نے پوری دنیا کو کس میں تبدیل کر دیا ہے؟
17. اس ملک میں اردو کا فروغ کس کی مساعی کا نتیجہ ہے؟
18. ادب کی دو قسمیں کونسی ہیں؟

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

19. سفر کے سامان کی تعداد کل کتنی ہوئی؟

20. غالب دربار جاتے تو کیا پاتے؟

حصہ - "ب"

II. (الف) ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

21. بوڑھی کاکی نے اپنی کوٹھری میں جا کر پچھتاتے ہوئے کیا سوچا؟

22. منٹو نے اپنی لوح مزار کے کتبے کے لیے کیا لکھا؟

23. سوشیل میڈیا سے مراد کیا ہے؟

24. اچھے ادیب کا کام کیا ہوتا ہے؟

25. شیخ صاحب کن باتوں کو مہمل سمجھتے تھے؟

26. آزاد نے اپنے خط میں کوؤں کا ذکر کس طرح کیا ہے؟

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

27. ساری خوبیوں کا سزاوار کون ہے؟

28. اسلام کے چمکتے ہوئے تارے کا نکلنا کب ممکن ہے؟

29. شاعر نے عورت کو کس کس کی ہستی قرار دیا ہے؟

30. 'ترے جلو میں نئی جنّتیں نئے دوزخ' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

31. مرثیے کے آخری بند میں شاعر نے اللہ تعالیٰ سے کیا دعا مانگی ہے؟

32. بارش اور سرما کے موسم کی کن چیزوں کو شاعر یاد کرتا ہے؟

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 1X2=2

33. شاعر نے وطن کی محبت کو کیسے بیان کیا ہے؟

34. "ہر دم بشر کو ہے طلبِ رونقِ حیات" کی روشنی میں، آپ کس طرح اپنی زندگی میں علم کی روشنی کو شامل کر سکتے ہیں؟

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

III. **(الف) ان میں سے کسی دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔** 2X4=8

35. یہ بات کیوں ناقابلِ یقین ہے کہ ٹیپو نے ہندوؤں کے ساتھ مذہبی زیادتی کا ارتکاب کیا ہے؟

36. فراغت کے میسر وقت کو غنیمت جان کر انسان کو کیا کرنے کی تلقین کی گئی ہے؟

37. فاروقی صاحب نے نوعیت کے اعتبار سے افسانے کی قسموں کی کس طرح وضاحت کی ہے؟

38. کرسی کا انسانی زندگی میں مقام کیا ہے اور یہ کیسے انسان کی زندگی کو متاثر کرتی ہے؟

(ب) کسی دو جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کیجیے۔ 2X2=4

39. "کسے پکاروں۔ آج لاڈلی بھی نہیں آئی۔"

40. "دیکھو منٹو میں تمہیں اپنے بیٹے کے برابر سمجھتا ہوں۔"

41. "ورنہ چور مجھے بھی چرا کر لے جاتے۔"

42. "اے تو لاؤ امام ضامن باندھ دوں اور ذرا سا دہی چکھ لو۔"

حصہ - "ج"

IV. 43. **کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔** 1X4=4

i. مثنوی گلزارِ نسیم ii. اے شریف انسانو iii. ترانۂ کرناٹک

44. **ذیل میں دیے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔** 4X2=8

i. سب کام اپس کے سونپ کے حق کوں، نچنت ہو — یہ ہے تمام مقصدِ گفت و شنید یہاں

ii. یہی وضع ہے تو مجھے کھوئیے گا — پڑے پھریئے گا ہاتھ رکھے کمر پر

iii. قدم آہستہ اے امید رکھنا خانۂ دل میں — ہم ایسے میں تری یادوں کی چادر تان لیتے ہیں

iv. مرکزِ دیدہ و دل تیرا تصور تھا کبھی — آج اس بات پہ کتنی ہنسی آتی ہے ہمیں

v. رکے تو گردشیں اس کا طواف کرتی ہیں — چلے تو اس کو زمانے ٹھہر کے دیکھتے ہیں

45. کسی ایک قطعہ کی تشریح کیجیے۔ 1X4=4

i. کس آسانی سے وہ ٹوٹے ہوئے دل جوڑ دیتا ہے
خوشی سے بولنا جس شخص کا معمول ہو جائے
عدمؔ ہر مسلۂ دل کا سلجھ سکتا ہے خوبی سے
خرد انسان کی تھوڑی سی گر معقول ہو جائے

ii. اب میر کارواں سے وہ سوزِ دروں ملے
بھٹکے ہوؤں کو جادۂ امن و سکوں ملے
بیدار قافلہ ہے، مگر تازہ دم نہیں
ان منتشر صفوں کو کبھی تازہ خوں ملے

حصہ " د "

46. V ذیل میں سے کسی چار محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4X1=4

i. دال نہ گلنا
ii. حالت غیر ہونا
iii. جادو سر چڑھ کر بولنا
iv. اُلٹے پیروں واپس ہونا
v. آنکھیں دکھانا
vi. ایڑی چوٹی کا زور لگانا

47. ان میں سے کسی ایک کی مع مثال تعریف کیجیے۔ 1X2=2

i. تجاہلِ عارفانہ
ii. صنعتِ تلمیح

48. اپنے علاقے میں موجود پرانے درختوں کی حفاظت اور نئے درخت لگانے کے سلسلے میں کارپوریشن کے عہدیدار کو خط لکھیں اور ماحول کی بہتری کے لیے تجاویز دیں۔ 4

49. ذیل کے جملوں کا انگریزی یا کنڑ ازبان میں ترجمہ کیجیے۔ 4

i. اردو ہماری مادری زبان ہے۔
ii. روزانہ ایک سیب ڈاکٹر سے دور رکھتا ہے۔
iii. سورج مغرب میں غروب ہوتا ہے۔
iv. بچے کی پہلی استاد اس کی ماں ہوتی ہے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * *